دوسرا گروپ	دہم گوجرانوالہ بورڈ 2023ء	اسلامیات (لازمی)
کل نمبر: 40	(انشائی)	وقت: 1.45 گھنٹے

(حصہ اوّل)

-2 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 12

(i) سورۃ الاحزاب کی ابتدائی آیات میں کن دو باتوں کی تلقین کی گئی ہے؟

(ii) جہاد میں رکاوٹ ڈالنے والوں کے لیے کیا فرمایا گیا ہے؟

(iii) سورۃ احزاب میں کس کے اسوۂ حسنہ کی پیروی کا حکم دیا گیا ہے؟

(iv) سورۃ الاحزاب میں ازواج نبی خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کن دو باتوں کے اختیار کرنے کا حکم دیا گیا ہے؟

(v) سورۃ الاحزاب کی روشنی میں مسلمان مردوں اور عورتوں کے کوئی چار اوصاف لکھیے۔

(vi) سورۃ احزاب میں رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے نکاح کے کیا خاص ضوابط بیان کیے گئے ہیں؟

(vii) نبی خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود و سلام کی اہمیت کے بارے میں سورۃ احزاب کی آیت کا ترجمہ لکھیے۔

(viii) سورۃ الممتحنہ میں کن دو باتوں کے سبب دشمنانِ حق کو دوست بنانے سے منع کیا گیا ہے؟

(ix) ہجرت کر کے آنے والی مومن عورتوں کے بارے میں اہل ایمان کو کیا تلقین کی گئی ہے؟

-3 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) خطبہ جمعہ کے دو آداب تحریر کیجیے۔

(ii) اللہ کی راہ میں قدم غبار آلود ہونے سے کیا مراد ہے؟

(iii) رمضان کے روزے کی فضیلت تحریر کیجیے۔

(iv) کن مواقع پر غسل کرنا سنت ہے؟

(v) خاوند کے دو فرائض لکھیے۔

(vi) شکر ادا کرنے کے دو طریقے تحریر کیجیے۔

(vii) حجۃ الوداع سے کیا مراد ہے؟

(viii) جہاد کے دو فضائل بیان کیجیے۔

(ix) حضرت ایوب علیہ السلام کو "نعم العبد" کیوں کہا گیا ہے؟

حصہ دوم

-4 درج ذیل قرآنی آیات میں سے کسی دو کا ترجمہ کیجیے۔ 8

(الف) وَّاتَّبِعْ مَا يُوْحٰۤى اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝

(ب) وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا خَبِيْرًا ۝

(ج) لَنْ تَنْفَعَكُمْ اَرْحَامُكُمْ وَلَاۤ اَوْلَادُكُمْ ۚ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝

-5 درج ذیل حدیث مبارکہ کا ترجمہ اور تشریح کیجیے: 3

مَنْ تَخَطّٰى رِقَابَ النَّاسِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اتَّخَذَ جِسْرًا اِلٰى جَهَنَّمَ

-6 زوجین کی حقوق و فرائض تحریر کیجیے۔ 5

یا

ہجرت کے لغوی معنی کیا ہیں؟ قرآن و سنت کی روشنی میں ہجرت پر نوٹ تحریر کیجیے۔